خبروں کا اعلامیہ

البرٹا کے بڑھتے ہوئے تعلیمی نظام کے لیے مزید تعاون

جولائی، 23، 2024 میڈیا انکوائریز(Media inquiries)

نئی فنڈنگ بڑھتے ہوئے اندراج کو حل کرے گی اور اسکول کے حکام کو کنڈرگارٹن سے گریڈ 12(K-12) والے اسکولوں میں بڑھتے ہوئےعملیاتی (آپریشنل) دباؤ کو کم کرنے کے قابل بنائے گی۔

البرٹا کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے اور ہمارے تعلیمی نظام میں بے مثال ترقی کا باعث بن رہی ہے، جس سے 2024-25 کی تعلیمی سال کے لیے صوبے بھر میں نئے طلباء کی ایک تاریخی تعداد شامل ہو رہی ہے۔ بڑھتے ہوئے اندراج، بڑھتے ہوئے آپریشنل اخراجات اور مہنگائی کی وجہ سے اسکول کے حکام کو جن چیلنجز کا سامنا ہے، البرٹا کی حکومت ان چیلنجز کو تسلیم کرتی ہے اور ان سے ہمدردی رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دباؤ کو کم کرنے میں مدد کے لیے، 2024-25 کی تعلیمی سال سے شروع کرکے، یہ 215 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔

یہ سرمایہ کاری پورے صوبے میں اسکول کے حکام کے لیے آپریشنل فنڈنگ کو وسعت دے گی اور البرٹا کی سب سے تیزی سے بڑھتی ہوئی کمیونٹیز میں ماڈیولر کلاس رومز کی تعداد میں اضافہ کرے گی۔

"مزید تعداد میں لوگ البرٹا کو اپنا گھر بنانے کا انتخاب کر رہے ہیں اور اس کا مطلب ہے کہ طلباء کی بڑھتی ہوئی تعداد کے لیے ہمارے کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 (K-12) والے اسکول، ٹھکانا ہیں۔ ہم اسکول کے حکام کو اضافی جگہیں اور وسائل فراہم کر رہے ہیں، تاکہ وہ نوجوان البرٹنز کو تعلیم دینے کا اپنا اہم کام جاری رکھ سکیں۔"

ڈینیئل اسمتھ، پریمیئر(Danielle Smith, Premier)

صوبے بھر میں ہر اسکول کے حکام کو آپریشنل فنڈنگ کے لیے 125 ملین ڈالر کے اضافے کا حصہ ملے گا۔ ہر اسکول کے حکام کے لیے دستیاب رقم کا تعین اس کے طلباء کی تعداد کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس نئی فنڈنگ کو اسکول کے حکام اس بات کو یقینی بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں کہ وہ اضافی اساتذہ اور تعلیمی معاونین کی خدمات حاصل کر کے اندراج کی بڑھتی تعداد کی معاونت کے لیے لیس ہیں۔ مزید برآں، یہ فنڈنگ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے استعمال کی جا سکتی ہے کہ بڑھتے ہوئے آپریٹنگ اخراجات کی وجہ سے طلباء کی تعلیم میں کمی نہ پیش آئے۔

"چونکہ اخراجات کا دباؤ مسلسل طور پر بڑھتا جا رہا ہے، ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ تعلیمی فنڈنگ کو طلباء اور کلاس رومز سے دور نہ کیا جائے۔ ہم اسکول کے حکام کو جو اضافی فنڈ فراہم کر رہے ہیں، اس سے ہمارے طلباء کو اپنے کلاس روم کے تجربے کو محفوظ رکھنے میں مدد ملے گی۔"

ڈیمیٹریئس نیکولیڈس، وزیر تعلیم (Demetrios Nicolaides, Minister of Education)

مزید طلباء کے لیے جگہوں کی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے، البرٹا کی حکومت اس تعلیمی سال میں 100 نئے ماڈیولر کلاس رومز کی تعمیر اور تنصیب اور 50 ماڈیولر یونٹس تک کی منتقلی کے لیے 90 ملین ڈالرکی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ یہ ماڈیولر کلاس رومز 25-2024 کی تعلیمی سال کے دوران کیلگری کے میٹروپولیٹن علاقے اور ایڈمونٹن میں صوبے کی سب سے تیزی سے ترقی کرنے والی کمیونٹیز کے طلباء کے لیے 2,500 تک نئی جگہیں اور 1,250 بہتر جگہیں فراہم کریں گے۔

اگلے تین سالوں میں، البرٹا کی حکومت اندراج میں اضافے سے نمٹنے کے لیے اسکول کے حکام کو 1.2 بلین ڈالر سے زیادہ فراہم کر رہی ہے۔ یہ فنڈنگ 3,100 سے زائد اضافی اساتذہ اور کلاس روم سپورٹ سٹاف کو ملازمت پر رکھنے میں معاونت کرے گی، تاکہ سکول ڈویژن کلاس کے حُجوم اور طلباء کی بڑھتی ہوئی تعداد کو سنبھال سکیں۔ اس کے علاوہ 1.5 بلین ڈالر سے زیادہ فراہم کیے جا رہے ہیں تاکہ اسکول کے حکام، اپنے طلباء کو ان کی کامیابی کے لیے ضروری وقت، مدد اور توجہ مہیا کرنے کے ذریعے، سیکھنے کی خصوصی ضروریات کا تعاون کر سکیں اور کلاس رومز کی پیچیدہ حالات سے نمٹ سکیں۔

فوری حقائق

- 25-2024 میں البرٹا کے تعلیمی نظام پر ریکارڈ 9.3 بلین ڈالر خرچ کیے جائیں گے، جو کہ طلباء کے اسکول جانے والے ہر دن کے لیے 46 ملین ڈالر سے زیادہ ہے۔
- البرٹا کی حکومت 43 ترجیحی اسکولوں کے منصوبوں کو آگے بڑھانے کے لیے 2.1 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہی ہے۔ ان منصوبوں کے نتیجے میں طلباء کی 35,000 نئی اور جدید جگہیں دستیاب ہوں گی۔
- 25-2024 کی تعلیمی سال میں اندراج کے دباؤ کو دور کرنے کے لیے ماڈیولر کلاس رومز کے لیے 90 ملین ڈالرکی سرمایہ کاری، بجٹ 2024 میں ماڈیولر کلاس رومز کے لیے مقرر کئے گئے 50 ملین ڈالر پر اضافہ ہے۔ ماڈیولر کلاس رومز کے لیے 90 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ذریعے:
    - کیلگری بورڈ آف ایجوکیشن کو 31 نئے ماڈیولر کلاس رومز ملیں گے اور 14 تک کی منتقلی ہوگی۔
    - کیلگری کیتھولک اسکول ڈویژن کو 14 نئے ماڈیولر کلاس رومز ملیں گے اور چھ تک کی منتقلی ہو گی۔
    - ایڈمنٹن پبلک اسکولز کو 26 نئے ماڈیولر کلاس رومز ملیں گے اور 11 تک کی منتقلی ہوگی۔
    - ایڈمونٹن کیتھولک اسکول بورڈ کو 17 نئے ماڈیولر کلاس رومز ملیں گے اور سات تک کی منتقلی ہوگی۔
    - راکی ویو اسکولوں کو 12 تک نئے ماڈیولر کلاس روم ملیں گے اور 12 تک کی منتقلی ہوگی۔

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرنس دیکھیں (Watch the news conference)